# MUHAMMAD NISAR BAAZ

Member Provincial Assembly
Khyber Pakhtubkhawa
PK-22 Bajaur
0303-8456092
khannisar930@gmail.com

محمد نشار باز
ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا
PK-22 باجوڑ


Ref No: 48          Date: 4/March/2026

Session 9th
No 41
Date 4/3/2026
Department Admintration/Home

## تحریک استحقاق

جناب سپیکر !

میں اس معزز ایوان اوراپ سب کے علم میں ایک انتہائی اہم اور حساس بات سامنے لانا چاہتاہوں وہ یہ کہ مورخہ 2 مارچ 2026 کو میں اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے سعودی عرب عمرہ ادا کرنے کے سلسلے میں جارہا تھا، کہ ایر پورٹ پہنچ کر مجھے ایمیگریشن والوں نے میرے کلیرنس کے دوران باہر جانے سے روکا، باوجود اسکے کہ میرے پاس ویزہ ٹکٹ سب کچھ کلیر تھا، ایر پورٹ پر موجود ایف آئی اے کے عملے نے بتایا کہ آپ ملک سے باہر نہیں جاسکتے کیونکہ آپ کا نام ECL میں شامل ہے۔رمضان کے بابرکت مہینے میں مجھے تین گھنٹے وہاں پر انتظار کرنا پڑا، جبکہ ایئرپورٹ عملے کے پاس اس عمل کا کوئی جواب نہیں تھا کہ کس بنیاد پر مجھے اس لسٹ میں شامل کیا گیا ہے، انہوں نے بتایا کہ آپ صوبائی انتظامیہ سے اس کے بارے میں پوچھے۔جناب سپیکر، بحثیت منتخب ممبر صوبائی اسمبلی اس عمل سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔لہذا صوبائی سیکرٹری داخلہ ، چیف سیکرٹری ، آئی جی پولیس پختونخوا سے اس عمل کے بارے میں وضاحت طلب کی جائے کہ کس طرح اور کس کے کہنے پر میرے نام کو ECL میں ڈالہ گیا اور اس کے بارے میں نہ تو مجھے اور نہ اس معزز ایوان اور اسمبلی سیکرٹریٹ کو باضابطہ کوئی قانونی طریقہ کار کے ذریعے نوٹس/خط بھیجا گیا لہذا متعلقہ ذمہ داران کو استحقاق کمیٹی میں بلایا جائے تاکہ ھم نے اسے پوچھے کہ کس بنیاد پر آپ لوگوں نے میرا نام ای سی ایل میں شامل کرنے کیلے وفاقی وزرات داخلہ کو بھیجا ہے ؟ نا تو میں کوئ مجرم ہوں اور نا میرے اوپر کسی قسم غیر قانونی اقدامات کی کوئ چارجز ہیں۔جناب سپیکر، اس لاپرواہ، غیر ذمہ دارانہ اور تکبرانہ روئیے کی وجہ سے اس ایوان کی بی توقیری کی گئ ہیں، اسکے خلاف کمیٹی میں اسمبلی کی رولز آف بزنس کے رو سے پرویلج ایکٹ کے تحت کاروائی کی جائے اور مکمل طور پر سپیکر صوبائی اسمبلی کے بین الصوبائی رابطہ کمیٹی کے زریعے وفاقی حکومت کیساتھ رابطہ کی جائے اور میرا نام ای سی ایل لسٹ سے خارج کی جائے، اور سیکرٹری محکمہ داخلہ کے اس نامناسب اور غیر ذمہ دارانہ رویہ کے خلاف محکمانہ اور قانونی کارروائی کی جائے۔

N Khan

منجانب: محمد نثار باز، ممبر صوبائی اسمبلی، پی کے 22 خیبر پختونخوا

PRIVILEGE MOTION
Session No. 9th
Notice No 41
Received Time 12:50
Received Date 4/3/2026
From M. Ms محمد نثار باز MPA
Receiver Sign


Village Fazal Abad Fajja Tehsil Khar District Bajaur.